106471-عیدالاضحی کی رات میدان عرفات میں وقوف کرنے والے شخص کا یوم عرفہ کا روزہ رکھنا

سوال

اگر حج کے لیے میدان عرفات میں کوئی شخص یوم عرفہ کو نہ پہنچ سکے اور عیدالاضحی کی رات میدان عرفات پہنچے تو کیا اس کے یوم عرفہ کا روزہ رکھنا مستحب ہے یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

"اگر کوئی شخص حج کر رہا ہو تو وہ
میدان عرفات میں یوم عرفہ کا روزہ نہ رکھے، کیونکہ ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ کی
حدیث میں ہے کہ :

"نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے
میدان عرفات میں یوم عرفہ کا روزہ رکھنے سے منع فرمایا ہے"

سنن ابوداود حدیث نمبر(2440).

لیکن اگر وہ حاجی نہیں یا پھر حاجی
تو ہے لیکن وہ میدان عرفات میں نہیں، بلکہ میدان عرفات میں وہ مغرب کے بعد پہنچا ہے
تو وہ اس نہی میں داخل نہیں ہوگا.

ابو قتادہ رضی اللہ تعالی عنہ نے نبی
کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے روایت کیا ہے کہ آپ نے فرمایا :

"یوم عرفہ کے روزے کے متعلق میں
امید رکھتا ہوں کہ اللہ تعالی اس سے ایک برس قبل اور ایک برس بعد کے گناہ معاف کر
دے گا، اور یوم عاشوراء کے روزے میں اس سے پہلے سال کے گناہ معاف ہوتے ہیں"

صحیح مسلم حدیث نمبر(1162).

پہلی حدیث خاص ہے، اور دوسری عام ہے،
اس لیے خاص عام سے خارج ہوگی" انتہی.